# الکرم فرینڈز انٹرنیشنل

الکرم فرینڈز کا قیام 27 رمضان المبارک 1437ھ بمطابق 3 جولائی 2016 بروز اتوار بمقام رضا ہاؤس رہائش گاہ محمد آصف رضا سرائے عالمگیر ضلع گجرات میں عمل میں لایا گیا۔ الکرم فرینڈز بنانے کا بنیادی مقصد آستانہ عالیہ امیر السالکین بھیرہ شریف کے مریدین ومتوسلین، دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کے فارغ التحصیل شاہین حضرات اور حضور ضیاء الامت کے مشن سے محبت کرنے والے محبین کے باہمی رابطے کو مضبوط کرنا اور حضور ضیاء الامت کے علمی، روحانی اور فلاحی مشن کی ترویج واشاعت کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے۔

الکرم فرینڈز کے مقاصد کیا ہیں؟

۱۔آستانہ عالیہ بھیرہ شریف کے روحانی اور علمی وابستگان، معاونین اور ہم خیال افراد کو ایک نظم کے تحت لا کر ان کی روحانی تربیت کا اہتمام کرنا۔ نئی صدی کے علمی چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لئے حضور ضیاء الامت کے قائم کردہ ادارہ جاتی نظام کو مضبوط اور منظم فنڈنگ سپورٹ فراہم کرنا۔

۲۔الکرم یونیورسٹی کا قیام

۳۔سکول لیول تک خاص اسلامی فکر کے حامل اداروں کا قیام۔

۴۔فرینڈز کو اپنی فلاحی پراجیکٹس پر خرچ کرنے کی ترغیب دینا۔

۵۔خود انحصاری پالیسی کے تحت اپنے وسائل کا خود اہتمام کرنا۔

۶۔آستانہ عالیہ بھیرہ شریف کے روحانی اور علمی وابستگان، معاون اور ہم خیال افراد سے رابطہ کے لیے ایک مربوط نظام کا قیام۔

۷۔الکرم فرینڈز کے پلیٹ فارم سے ملکی سطح پر ملی اور مذہبی سرگرمیوں کا اجراء۔

الکرم فرینڈز کے قیام سے لے کر اب تک تنظیمی سرگرمیاں اجمالی طور پر پیش خدمت ہیں۔

## 1- تنظیم سازی:

تنظیم سازی کے حوالے سے پائلٹ پراجیکٹ کے طور پر ضلع جہلم میں آغاز کیا گیا جو اللہ کے فضل وکرم سے کامیاب رہا۔ دو سال کے عرصہ میں 36 تنظیمی اضلاع میں تنظیم سازی کا عمل مکمل ہوا۔ اضلاع کے نام درج ذیل ہیں۔

گوجرانوالہ ڈویژن (گجرات، سیالکوٹ، حافظ آباد، گوجرانوالہ، نارووال، منڈی بہاؤالدین)

سرگودھا ڈویژن (میانوالی، سرگودھا، خوشاب، بھلوال)

راولپنڈی ڈویژن (راولپنڈی، اٹک، جھنڈ، پنڈی گھیپ، فتح جنگ، چکوال، تلہ گنگ، گوجرخان، جہلم، مری، پنڈ دادنخان)

جنوبی پنجاب (اوکاڑہ، بہاولنگر، مظفرگڑھ، ڈیری غازی خان)

خیبر پختونخواہ (ہری پور، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ڈیرہ اسماعیل خان)

آزاد کشمیر (کوٹلی، سدھنوتی، راولاکوٹ، مظفر آباد، باغ، بھمبر، میر پور)

تنظیم سازی کے عمل میں مرکزی و ڈویژنل کابینہ نے 95% اخراجات ذاتی طور پر برداشت کیے جو کہ ایک کروڑ سے زائد ہیں۔

## 2- سی ای سی اجلاس:

الکرم فرینڈز کی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی ہر ماہ اپنے سابقہ و آئندہ تنظیمی معاملات کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کا انعقاد کرتی ہے۔ اس اجلاس میں ہر نکتے کو تفصیلی طور پر زیر بحث لایا جاتا ہے۔ اس اجلاس میں مرکزی کابینہ، ڈویژنل ناظمین اور جنرل سیکرٹریز شرکت کرتے ہیں۔

## 3- آغاز سفر نور سیمینار:

الکرم فرینڈز کے سفر کے آغاز میں ہی اس سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیمینار میں تمام اضلاع کے تنظیمی عہدیداران کی حلف برداری عمل میں لائی گئی۔

## 4- وومن ونگ کا قیام:

الکرم فرینڈز وومن ونگ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اولا مرکزی الکلیۃ الغوثیۃ للبنات میں تنظیمی باڈی تشکیل دی گئی۔ مرکزی ناظمہ صاحبہ گاہے بگاہے مختلف برانچز کا دورہ کرتی رہتی ہیں نیز بنیادی طور پر فنڈ نگ کا سلسلہ شروع ہے۔

## 5-الکرم فرینڈز کے مرکزی دفتر کا قیام:

الکرم فرینڈز کے تنظیم سازی کے آغاز کے ساتھ ہی باہمی رابطے کو مضبوط بنانے کے لیے مرکزی دفتر کا قیام عمل میں لایا گیا۔ مرکزی دارالعلوم میں ایک دیدہ زیب دفتر قائم کیا گیا۔ یہاں مختلف وفود کا استقبال، مہمان نوازی، بریفنگ، میٹنگز اور دیگر تنظیمی سرگرمیاں عمل میں لائی جاتی ہیں۔

## 6- سوشل میڈیا مہم:

سوشل میڈیا کی اہمیت کے پیش نظر الکرم فرینڈز نے تمام احباب کی توجہ اس جانب مبذول کرائی۔ ختم نبوت کے معاملے پر گذشتہ واقعات پر اپنے موقف کے اجراء کے لیے الکرم فرینڈز نے سوشل میڈیا ٹیم کو ایکٹو کیا اور مسلسل سوشل میڈیا پر اپنے موقف کو اجاگر کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا گیا۔ سوشل میڈیا ٹیم کی وجہ سے ہمارے احباب اب سوشل میڈیا پر بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔

## 7-زیڈ نیوز کا اجراء:

پرنٹ میڈیا میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے اور اپنا موقف بہت طور پر اجاگر کرنے کے لیے اپنا نمائندہ اخبار زیڈ

نیوز کے نام سے جاری کیا گیا۔ فی الوقت یہ اخبار آن لائن ہے۔مخصوص مواقع پر خصوصی اشاعت کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

## 8- خطبہ جمعۃ المبارک کمیٹی۔

الکرم فرینڈز نے جمعۃ المبارک کمیٹی قائم کی ہے۔ یہ کمیٹی ہر سوموار کو تمام خطباء حضرات کے لیے جمعۃ کا موضوع اور آؤٹ لائن شیئر کرتی ہے۔

## 9- AKF ٹرسٹ رجسٹرڈ (96/B1/V187/P48-AB1V1764B286-7-19):

الکرم فرینڈز کے زیر اہتمام فلاحی سرگرمیوں کی انجام دہی کے لیے AKF ٹرسٹ کا آغاز کیا گیا ہے جو کہ ایک رجسٹرڈ ٹرسٹ ہے۔اس پلیٹ فارم سے فلاحی کام سرانجام دیے جاتے ہیں۔

## 10- الکرم لٹریری کلب:

الکرم فرینڈز اپنے مقاصد اور موقف کو تحریری شکل میں تمام شعبہ زندگی کے افراد تک پہنچانے کے لیے الکرم لٹریری کلب کا آغاز کیا ہے۔

## 11- تقریب تجدید عہد نو:

الکرم فرینڈز نے اپنے دو سال مکمل ہونے پر دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کے آڈیٹوریم میں تقریب تجدید عہد نو کا انعقاد کیا۔جس میں الکرم فرینڈز کے تمام ضلعی سرپرست حضرات، ناظمین اور جنرل سیکرٹریز نے شرکت کی۔

## 12- شکریہ پیر محمد امین الحسنات شاہ صاحب مہم:

حضور غریب نواز کی بہترین سیاسی، ملی و مذہبی خدمات کو اجاگر کرنے کے لیے پورے ملک میں سوشل میڈیا، پرنٹ میڈیا اور الیکٹرانک میڈیا پر شکریہ پیر صاحب مہم شروع کی گئی جو سال بھر جاری رہی۔

## 13-شب کرم تحریری رپورٹ:

شب کرم کے حسن و جمال کو باقی رکھنے کے لیے شب کرم کی رپورٹ تحریر اضیائے حرم میں بھیجی جاتی ہے تا کہ شب کرم ادبی شکل میں بھی محفوظ رہے۔

## 14-دار العلوم کا ایک دن میرے نام:

دار العلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کے مالی معاملات میں تعاون کے لیے الکرم فرینڈز نے دار العلوم کے ایک دن کا خرچہ اٹھانے کی ترغیب دی۔اس مہم میں احباب نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

## 15-اقوال حضور ضیاء الامت:

الکرم فرینڈز کی سوشل میڈیا ٹیم نے حضور ضیاء الامت کی فکر، مشن اور ویژن کی ترویج و اشاعت کے لیے روزانہ کی بنیاد اقوال حضور ضیاء الامت کو سوشل میڈیا کی زینت بنانا شروع کیا ہے۔ جس کی عوامی سطح پر پذیرائی میسر آئی ہے۔

## 16- مکاتیب ضیاء الامت:

الکرم فرینڈز کی سوشل میڈیا ٹیم مکاتیب ضیاء الامت کو بھی سوشل میڈیا کے ذریعے عام کرنے میں اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔

## 17- تکریم اساتذہ برموقع شاہین کنونشن:

شاہین کنونشن کے موقع پر استاذی المکرّم قبلہ محمد خان نوری صاحب اور استاذ الادب قبلہ ملک محمد عطا صاحب کی پچاس سالہ خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے تکریم اساتذہ پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں ہزاروں طلباء، دار العلوم کے اساتذہ، خانوادہ حضور ضیاء الامت اور بالخصوص حضور غریب نواز نے اپنی قلبی و روحانی وابستگی کا اظہار کیا۔

## 18- استقبالیہ :

عرس مبارک و شاہین کنونشن کے موقع پر الکرم فرینڈز کی جانب سے استقبالیہ کیمپ لگایا جاتا ہے۔ جس میں الکرم فرینڈز کے تحت آن لائن رجسٹریشن، الکرم فرینڈز لٹریچر کی فراہمی اور دار العلوم کے مالی معاملات سے آگاہی کا فریضہ سرانجام دیا جاتا ہے۔

## 19- سدا سلامت بہار ضیاء الامت مہم:

اس مہم کے تحت پورے ملک میں حضور ضیاء الامت علیہ الرحمۃ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا گیا اور پورے ملک میں مختلف کانفرنسز کا انعقاد عمل میں لایا گیا۔ خاص طور پر سوشل میڈیا پر اس مہم کو بھرپور انداز میں منایا گیا۔

## 20- عرس پاک کے مالی معاملات میں معاونت کی مہم:

عرس حضور ضیاء الامت کے اخراجات میں مالی معاونت کے لیے پورے ملک میں مہم کا آغاز کیا جاتا ہے۔
الکرم فرینڈز کے ذمہ داران اور شاہین حضرات مہم کے ذریعے مالی معاونت کے لیے متحرک ہوتے ہیں۔ تمام دوست بذات خود حضور غریب نواز کی بارگاہ میں مالی معاونت پیش کرتے ہیں۔

## 21- ضیاء الامت سیمینار کا انعقاد:

عرس ضیاء الامت کے موقع پر گزشتہ چار سالوں سے انجمن طلباء اسلام اور الکرم فرینڈز باہمی طور پر ضیاء الامت کا سیمینار کا انعقاد کر رہی ہے نیز دو سالوں سے مرکزی الکلیۃ الغوثیۃ للبنات میں بھی ضیاء الامت سیمینار کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

## 22- ڈونرز کانفرنس:

عرس ضیاء الامت کے موقع پر الکرم انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ کی مالی معاونت کے لیے الکرم فرینڈز عرصہ دو سال سے ڈونرز کانفرنس کا انعقاد کر رہی ہے۔ جس میں خلفاء عظام، علماء ومشائخ، ڈاکٹر صاحبان اور تاجر حضرات کو دعوت شرکت دی جاتی ہے۔

## 23- سکول سسٹم کا قیام:

سکول سسٹم کے حوالے سے الکرم فرینڈز کے زیر اہتمام ڈونر کانفرنس میں ایک سال کے لیے ٹارگٹ متعین کیا گیا۔ الحمد للہ ایک سال بعد ڈائریکشن سکولز سسٹم کو لانچ کیا گیا۔ اس کے ساتھ ساتھ 80 سکول کیمپسز کا بھی آغاز کیا گیا۔ آئندہ سال تک ان شاء اللہ العزیز یہ تعداد 150 کیمپس تک پہنچ جائے گی۔

## 24- وزارت کا اختتامی دن:

پانچ سالہ کامیاب وزارت کی تکمیل پر وزارت کے اختتامی لمحات کو اللہ رب العزت کی بارگاہ میں بطور تشکر منانے کا اہتمام کیا۔ اس موقع پر مختلف مسالک کے جید علماء پر مبنی وفود تشریف لائے اور حضور غریب نواز کی بارگاہ میں ہدیہ تبریک پیش کیا۔

## 25- حسنات ٹی وی کی معاونت:

الکرم فرینڈز کی سوشل میڈیا ٹیم حسنات ٹی وی کے ذریعے اپنے تمام تر پروگرامات بشمول شب کرم لائیو دکھاتی ہے۔ جس کی وجہ سے اندرون وبیرون ملک بڑی تعداد فیض یاب ہوتی ہے۔

## 26- صبح بہاراں:

الکرم فرینڈز دارالعلوم کے ذمہ داران نے اساتذہ کرام کے ساتھ مل کر صبح بہاراں کی خوبصورتی میں مزید نکھار پیدا کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتی ہے۔ بارہ ربیع الاول کی مناسبت سے کمروں کو سجانے اور سٹاف کالونی کی سجاوٹ کے مقابلے منعقد ہوتے ہیں اور انعامات بھی تقسیم کیے جاتے ہیں۔

## 27- مرکزی دارالافتاء کی آن لائن سروسز:

الکرم فرینڈز نے دور حاضر کی ضرورت کے پیش نظر مرکزی دارالافتاء دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ شریف کی آن لائن سروسز میں اپنی خدمات پیش کی ہیں۔ مرکزی دارالافتاء سوشل میڈیا پر دینی معاملات میں راہنمائی کا فریضہ سرانجام دے رہا ہے۔

## 28- ہفتہ تقریبات:

مرکزی دارالعلوم کے طلباء کی ادبی وجسمانی صلاحیتوں میں نکھار پیدا کرنے کے لیے ہفتہ تقریبات کا انعقاد کیا گیا جس کے تمام انتظامی معاملات الکرم فرینڈز کے ذمے تھے۔ الکرم فرینڈز نے ان تقریبات کی لائیو کوریج کی نیز ڈیڑھ لاکھ کے قریب اخراجات برداشت کیے۔

## 29- ختم قل شریف قبلہ نوری صاحب:

شیخ التفسیر والحدیث قبلہ محمد خان نوری صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ختم قل شریف میں الکرم فرینڈز نے جملہ انتظامی معاملات کی ادائیگی کا فریضہ سرانجام دیا۔ اس ضمن میں مالی معاملات کے حوالے سے ایک لاکھ روپے بھی پیش کیے۔

## 30- زائرین آستانہ عالیہ امیر السالکین و دار العلوم کی مہمان نوازی:

الکرم فرینڈز کو آستانہ عالیہ امیر السالکین بھیرہ شریف و دار العلوم محمدیہ غوثیہ کے مہمانانِ گرامی کی میزبانی کا شرف بھی حاصل ہے۔ مرکزی آفس الکرم فرینڈز بھیرہ شریف یہ فریضہ سرانجام دیتا ہے۔

31۔ آستانہ عالیہ امیر السالکین پر افطاری پروگرام

الکرم فرینڈز کے زیرِ اہتمام رمضان المبارک میں ہر روز افطاری پروگرام شروع کیا گیا جو الحمدللہ بہت کامیاب رہا۔ اس کے علاوہ مرکزی کلیۃ غوثیہ بھیرہ شریف میں قبلہ مخدومہ ملت مائی صاحبہ کے ایصالِ ثواب کے لیے افطاری کے موقع پر تقریب کا اہتمام کیا گیا۔

32۔ جمعۃ المبارک کو لنگر کا اہتمام

33۔ اے کے ایف ٹرسٹ کے تحت ملک بھر میں رمضان و عید پیکجز

34۔ فنڈ ریزنگ باکس کا اجراء

35۔ اب تک پنجاب بھر، کشمیر بھر، سندھ میں کراچی شہر، بلوچستان میں سبی ڈویژن، کے پی کے میں ہزارہ ڈویژن میں، پشاور کوہاٹ 55 اضلاع میں نیٹ ورک

36۔ شبِ کرم

شب کرم کا آغاز حضور غازیِ اسلام کے عرس مبارک 2016 کے موقع پر ہوا۔ اور اب تک 59 شبِ کرم ہو چکی ہیں۔